Series &RQPS

Set-4

کوڈ Q.P.
Q.P. Code **30**

رول نمبر
Roll No.

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

**نوٹ:**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 7 ہے۔

(II) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامہ میں چھپے سوالات کی تعداد 11 ہے۔

(III) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر جوابی کاپی پر لکھنا لازمی ہے۔**

(IV) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

**عام ہدایات:**

(i) یہ سوالنامہ **2** حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس سوالنامے میں کل **11** سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ-الف** میں سوال نمبر **1** تا **8** عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب فہمی پر مبنی ہیں۔

(iv) **حصہ-ب** میں سوال نمبر **9** تا **11** اردو زبان کی تاریخ سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(v) مخصوص ہدایات کے مطابق سوال حل کیجیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) Question paper is divided into **2** Sections.

(ii) It has total **11** Questions.

(iii) **Section A** : Q. No. **1** to **8**

(iv) **Section B** : Q. No. **9** to **11**

(v) Attempt questions as per specific instructions.

(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

**حصہ-الف : عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب**

**50 Marks (Section – A : Comprehension and Text books)**

1. درج ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجئے: **5 × 2 = 10**

(a) وہ واقعی بہت حسین تھی ........ تارا سی آنکھیں نازک لب اور درخشاں پیشانی۔ خلاف امید اس عورت کو حسین پاکر ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ اب مسئلہ یہ درپیش تھا اس سے گفتگو کیوں کر شروع کی جائے۔ کون سا موضوع مناسب رہے گا۔ موسم ؟ ........ لیکن ہندوستان میں ابھی موسم کے موضوع پر گفتگو کا آغاز کرنا خاطر خواں نتائج پیدا نہیں کر سکتا۔ اس عورت سے یہ کہنا کہ آہا ! کیسا خوشگوار موسم ہے محض بیکار ہوگا – سنیما، ایکٹر یا ایکٹریس، بس، سڑکیں ........ نہیں نہیں یہ باتیں مہمل ہیں۔ اتنے میں عورت کے شانے کے ساتھ لگے ہوئے ننھے بچے نے آنکھیں کھولیں اور حیرت واستعجاب سے ادھر اُدھر دیکھنے لگا، بڑا پیارا بچا تھا۔ میں نے اس کے گال پر ہلکی سی چٹکی لی تو اس کے چھوٹے چھوٹے ہونٹوں پر مسکراہٹ پیدا ہوئی۔ پھر میں نے دونوں اُنگلیوں سے اس کی ٹھڈّی کو ہلکے ہلکے سہلانا شروع کیا تو وہ ہنسنے لگا۔ میں جانتا تھا کہ اس کی ماں کو اس بات کا علم ہو چکا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) یہ اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(iii) مصنف نے عورت کی خوبصورتی کے بارے میں کیا کہا ہے؟

(iv) گفتگو شروع کرنے کیلیئے مصنف نے کن کن موضوعات پر غور کیا؟

(v) ماں کو کس بات کا علم ہو گیا تھا؟

**یا (OR)**

(b) میں نے پہلی بار انھیں بہت غور سے دیکھا۔ وہ مجھے نہایت سرخ و سپید تندرست قسم کے بزرگ لگے۔ بونا ساقد، لمبائی کے مقابلہ چوڑائی اطمینان بخش، نہایت سنجیدہ، متین، خاموش، لیے دیے، چہرے پر وقار اور آسودگی۔ خاموش بیٹھتے تو چہرہ تقریباً چوکور مگر بھرا بھرا۔ مسکراتے یا بات کرتے تو منہ گول ہو جاتا۔ غرض عام انسانی چہروں سے خاصا مختلف۔ جب اجلاس ختم ہوا اور لوگوں نے انھیں گھیرا تو میں نے بھی انھیں سلام کیا، جس کا جواب انھوں نے Face Expression سے دیا اور بس میں دیکھتا ہی رہ گیا اور وہ چل دیے۔ ان کے ساتھ وائس چانسلر، ڈاکٹر ممتاز احمد، پروفیسر عطا کاکوی اور ڈاکٹر اختر اورینوی تھے، جو انھیں موڑ تک پہنچا کر واپس آ گئے۔ ہمارے ایک دوست نے بتایا کہ شام کو کلیم صاحب کے یہاں آپ لوگوں کے اعزاز میں ایک ایٹ ہوم ہے آپ لوگ سے مراد ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی، ڈاکٹر حسن، ڈاکٹر قاضی عبدالستار اور خاکسار۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) یہ اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(iii) مصنف نے بزرگ کا حلیہ کن الفاظ میں بیان کیا؟

(iv) "Face Expression" سے جواب دیا کا کیا مطلب ہے؟

(v) اقتباس میں شامل ادیبوں کے نام لکھیے۔

.2 درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب **100** الفاظ میں لکھیے: $1 \times 5 = 5$

(i) 'غالب نے اردو خطوط نگاری کو ایک نیا راستہ دکھایا۔'' اس قول کی روشنی میں غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) انشائیہ ''مچھر'' کی روشنی میں خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی خوبیاں بیان کیجیے۔

.3 درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: $2 \times 2\frac{1}{2} = 5$

(i) افسانہ ''آزاد'' کے مشہور کردار خوجی سے متعلق کوئی پانچ باتیں لکھیے۔

(ii) افسانہ ''فوٹو گرافر'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(iii) سبق ''روشنائی'' کے مطابق سجاد ظہیر کا امرتسر جانا کیوں ضروری ہو گیا تھا؟

(iv) آپ بیتی 'اس آباد خرابے میں' بیان کیے گئے واقعات میں سے کسی ایک واقعے پر روشنی ڈالیے۔

.4 درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے: $5 \times 2 = 10$

اول شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی
ہاتھ سے کسی نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی، ڈوب چلا مے خانہ بھی
ایک لگی کے دو ہیں اثر اور دونوں حسب مراتب
لو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی
دونوں جولاں گاہ جنوں ہیں بستی کیا ویرانہ کیا
اٹھ کے چلا جب کوئی بگولا، دوڑ پڑا دیوانہ بھی

(i) درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ اس شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلے شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(iii) ساغر ٹپکے میں کس جذبے کا اظہار ہے؟

(iv) تیسرے شعر میں 'لگی' سے کس طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(v) ''جولاں گاہ جنوں'' کے کیا معنی ہیں؟

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھئے: **1 × 5 = 5**

(i) غزل کی تاریخ میں فارسی شاعروں نے کیا کارنامے انجام دیے؟

(ii) آزاد نظم اور پابند نظم کے درمیان فرق واضح کیجئے۔

6. درج ذیل میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے: **2 × 2½ = 5**

(i) حالؔی کی غزل کی روشنی میں شاعرانہ تعلّی کی تعریف لکھئے۔

(ii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہو گی

ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا

چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

(iii) نظم ''گورِ غریباں'' میں کس کیفیت کا اظہار کیا گیا ہے؟

(iv) نظم ''روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' میں زمین کی روح آدمؑ کو کس حقیقت سے روشناس کراتی ہے؟

7. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب تفصیل سے لکھئے: **1 × 4 = 4**

(i) چے خف کی افسانہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(ii) ویکوم محمد بشیر کی کہانیوں کی کیا خوبی ہے؟

8. درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھئے: **2 × 3 = 6**

(i) چیرو یا کوف کے کردار کے بارے میں لکھئے۔

(ii) کہانی ''جنم دن'' کے مصنف کو کھانا چوری کر کے کیوں کھانا پڑا؟

(iii) افسانہ 'جلتی جھاڑی' کی روشنی میں مسافر کی کیفیات پر روشنی ڈالیے۔

(iv) نرمل ورما کی کوئی تین کتابوں کے نام لکھئے۔

## حصہ-ب : اُردو زبان کی تاریخ

## (Section-B : History of Urdu Literature)

9. درج ذیل میں سے صرف **تین** سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے: **3 × 5 = 15**

(i) اردو زبان کی ابتداء سے متعلق ایک نوٹ لکھئے۔

(ii) لارڈ ویلزلی نے کس مقصد اور ضرورت کے تحت فورٹ ولیم کالج کی بنیاد رکھی؟

(iii) دبستان کسے کہتے ہیں؟ دو اہم ادبی دبستانوں کے نام لکھئے۔

(iv) ترقی پسند تحریک کی ابتداء کیسے ہوئی؟

10. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے: **2 × 5 = 10**

(i) قرۃالعین حیدر کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھئے۔

(ii) اقبال یا حالی میں سے کسی ایک کی شاعرانہ خوبیوں کے بارے میں بتایئے۔

11. درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجئے: **5 × 1 = 5**

(i) کہانی 'کلرک کی موت' کا رُوسی زبان سے اردو میں کس نے ترجمہ کیا؟

(A) ن۔م۔راشد (B) نظم طباطبائی

(C) ظ۔انصاری (D) قرۃالعین حیدر

(ii) اِن میں سے کس کو جدید نظم کے بنیاد گزاروں میں شمار کیا جاتا ہے؟

(A) غاؔلب (B) حاؔلی

(C) قرۃالعین حیدر (D) آرزو لکھنوی

(iii) مضمون خوجی - ایک مطالعہ کس نے لکھا؟

(A) احتشام حسین (B) سجّاد ظہیر

(C) اقبال مجید (D) اخترالایمان

(iv) میر امّن کی کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) فسانہ آزاد (B) باغ و بہار

(C) اقبال مجید (D) اخترالایمان

(v) انجمن ترقی پسند مصنفین کس سال قائم ہوئی؟

(A) 1935ء (B) 1936ء

(C) 1937ء (D) 1938ء